سوال

(600)ایک آدمی ایک دوکان پر ملازم ہے مالک اس کو مجبور کرتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی ایک دوکان پر ملازم ہے مالک اس کو مجبور کرتا ہے کہ ناپ تول میں کمی کرو۔ اگر وہ ایسا کرتا ہے تو اسے رکھتا ہے اگر نہیں تو ملازمت سے نکال دیتا ہے آیا وہ ملازم مجرم ہے یا نہیں؟ (عبدالرحمن)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ ملازم مجرم ہے۔ ماپ تول میں کمی نہ کرے۔ اس مالک کے پاس ملازمت چھوڑ دے۔ کسی اور مالک کے پاس ملازمت اختیار کرلے جو ماپ تول میں کمی پر مجبور نہ کرے۔

۱۴۲۰/۱۰/۸ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص500

محدث فتویٰ